SASM

سندھ آباد گڑھ شوگر ملز لمیٹڈ

اطلاع سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سندھ آباد گڑھ شوگر ملز لمیٹڈ کے حصص داران کا سالانہ اجلاس عام بروز جمعہ 22 جنوری 2021 بوقت شام 04:00 بجے بمقام پاکستان انسٹیٹیوٹ آف انٹرنیشنل افیئرز (PIIA) نزد سڈکو ایونیو سنٹر، بالمقابل لبرا آئوز سی این جی پمپ، مولانا دین محمد وفائی روڈ، کراچی میں منعقد ہوگا۔ تاہم حصص یافتگان سے درخواست کی جائے گی کہ COVID-19 حالات کے باعث خطرہ لاحق ہونے کے پیش نظر حصص داران کی بھلائی کے لئے اجلاس میں وڈیو لنک/زوم کلاؤڈ کے ذریعے شرکت کریں۔

بروز جمعرات 14 جنوری 2021 کو کاروبار کے اختتام پر کمپنی کے کھاتوں میں درج حصص یافتگان جو آن لائن AGM میں شرکت کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، ان سے جلد از جلد لیکن AGM کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل مندرجہ ذیل تفصیلات sasm@unitedgroup.org.pk پر فراہم کر کے کمپنی سیکرٹری آفس میں اپنا اندراج کروانے کی درخواست کی گئی ہے۔

حصص یافتگان کا نام	CNIC نمبر	فولیو نمبر/CDS نمبر	موبائل نمبر	ای میل پتہ

دلچسپی رکھنے والے حصص یافتگان سے مذکورہ بالا معلومات کی وصولی کے بعد، کمپنی لاگ ان کی تفصیلات ان کے ای میل پتوں پر بھیجے گی۔ کمپنی اجلاس کو "زوم کلاؤڈ میٹنگز" کے ذریعے منعقد کرے گی جسے گوگل پلے یا ایپل ایپ اسٹور سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ لہذا ہمارے حصص داروں سے گزارش ہے کہ اجلاس سے قبل ایپلیکیشن ڈاؤن لوڈ کرلیں۔ AGM کے دن، حصص یافتگان کسی بھی موزوں جگہ سے اپنے سمارٹ فونز یا کمپیوٹر آلات کے ذریعہ AGM کارروائی میں لاگ ان ہوسکیں گے اور ان میں حصہ لینے کے اہل ہوں گے۔ لاگ ان کی سہولت میٹنگ کے وقت سے 30 منٹ پہلے کھول دی جائے گی تاکہ شرکاء شناخت اور تصدیق کے عمل کے بعد میٹنگ میں شامل ہوسکیں۔

اجلاس میں درج ذیل امور نمٹائے جائینگے:

عام امور:

1۔ بروز منگل 18 اگست 2020 کو منعقدہ غیر معمولی اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق کرنا۔

2۔ 30 ستمبر 2020 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے نظرثانی شدہ مالی حسابات معہ ان پر چیئرمین کا جائزہ، ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی غور وخوض اور منظوری دینا۔

3۔ قانونی آڈیٹرز کا تقرر اور اُن کے صلہ خدمت کا تعین کرنا۔

4۔ صدر نشین کی اجازت سے کوئی اور امور نمٹانا جو اجلاس کے روبرو رکھے جاسکتے ہیں۔

بحکم بورڈ

عزیز احمد

کمپنی سیکریٹری

کراچی

مورخہ یکم جنوری 2021ء

نوٹس:

1۔ AGM کا الیکٹرانک نوٹس

کمپنی AGM کا نوٹس پوسٹ کے ذریعے تمام ممبروں کو ان کے رجسٹرڈ پتوں پر ارسال کررہی ہے۔ اس کے علاوہ، پراکسی فارم معہ نوٹس کمپنی کی ویب سائٹ https://www.sasmltd.com پر بھی دستیاب ہے اور PUCARS سسٹم کے توسط سے PSX پر اپ لوڈ ہو چکا ہے۔ کسی کی بھی شکل میں نوٹس یا پراکسی فارم تک رسائی حاصل کرنے میں دشواری ہو، ممبران ای-میل sasm@unitedgroup.org.pk پر کمپنی سے رابطہ کرسکتے ہیں۔ کمپنی نوٹس اور پراکسی فارم کی کاپی صرف ای میل کے ذریعے ان ممبران کو بھیجے گی جو تحریری طور پر درخواست دیتے ہیں اور جنہوں نے اپنے ای میل ایڈریسز کمپنی کے رجسٹرار میسرز جوائس رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو شیئرز کئے ہیں۔

2۔ حصص منتقلی کھاتوں کی بندش

کمپنی کے حصص منتقلی کھاتے 15 جنوری 2021 تا 22 جنوری 2021 (دونوں دن شامل) بند رہینگے۔ کمپنی کے شیئرز رجسٹرار میسرز جوائس رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ، سائٹ نمبر 408-407، چوتھی منزل، الامیر سینٹر، شاہراہ عراق، صدر کراچی کے دفتر میں بروز جمعرات 14 جنوری 2021 کو اختتام کاروبار کے وقت تک موصول ہونیوالی منتقلیاں سالانہ اجلاس عام میں شرکت کرنے کے استحقاق کے تعین کیلئے بروقت سمجھی جائینگی۔

3۔ AGM میں شرکت

اجلاس ہذا میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدار کمپنی کا رکن اپنی جگہ اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے کسی دیگر رکن کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا/سکتی ہے۔ مئوثر ہونے کی غرض سے پراکسیز کا کمپنی کے شیئر رجسٹرار آفس میں اجلاس کے انعقاد سے کم از کم 48 گھنٹے قبل تک موصول ہونا لازمی ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید برآں S.E.C.P کی طرف سے جاری شدہ سرکلر نمبر 1 آف 2000 میں دی گئی درج ذیل گائیڈ لائنز کی پیروی کرنا ہوگی۔

A۔ اجلاس میں شرکت کیلئے:

i)۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا فرد کو جن کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات قوائد کے مطابق اپ لوڈ ہوں، شناخت کیلئے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کرنا ہوگا۔

ii)۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) بذریعہ وڈیو لنک اجلاس میں شرکت کے وقت پیش کرنا ہونگے۔

B۔ پراکسی کی تقرری کیلئے:

i)۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا فرد کو جنکی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات قوائد کے مطابق اپ لوڈ ہوں، پراکسی فارم مندرجہ بالا شرائط کے مطابق جمع کروانا ہوگا:

ii)۔ پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہئے جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی/پاسپورٹ نمبر فارم میں درج ہوں۔

iii)۔ مالک انتظامی اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک ہونا چاہئیں۔

iv)۔ پراکسی کو اجلاس کے موقع پر اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v)۔ کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) پروکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔

4۔ پتہ کی تبدیلی

ارکان سے التماس ہے کہ اپنے پتوں اور اپنے رابطہ نمبرز میں کسی تبدیلی بارے ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز جوائس رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فی الفور مطلع کریں۔

5۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 145-143 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کی قابل اطلاق کلاز کی ضروریات کے حوالہ سے ارکان پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ کا حق استعمال کرسکتے ہیں یعنی بذریعہ ڈاک یا برقی طریقہ کے ذریعے۔

6۔ وڈیو کانفرنس سہولت

ارکان وڈیو کانفرنس سہولت سے بھی مستفید ہوسکتے ہیں۔ اس سلسلے میں براہ مہربانی درج ذیل فارم کو پُر اور کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں سالانہ اجلاس عام کے انعقاد سے سات (7) یوم قبل جمع کرائیں۔ اگر کمپنی کو جغرافیائی محل وقوع میں سکونتی مجموعی طور پر 10% یا زائد شیئرز کے حامل ارکان سے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (07) یوم قبل وڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لئے رضامندی وصول کرتی ہے تو، کمپنی اس شہر میں ایسی سہولت کی دستیابی کے حوالہ سے اس شہر میں وڈیو لنک سہولت کا انتظام کرے گی۔

میں/ہم، ----------ساکن----------بحیثیت رکن سندھ آباد گڑھ شوگر ملز لمیٹڈ، حامل ----------عمومی شیئرز بمطابق رجسٹرڈ فولیو نمبر/CDC اکاؤنٹ نمبر----------بذریعہ ہذا، بمقام----------وڈیو کانفرنس کی سہولت کے ذریعے شریک ہونے کا انتخاب کرتا/کرتی ہوں/کرتے ہیں۔

دستخط نمبر.....

کسی استفسار/وضاحت/معلومات کے لئے حصص دار کمپنی، اور/یا شیئر رجسٹرار سے مندرجہ ذیل پتوں پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

کمپنی ایڈریس:

سندھ آباد گڑھ شوگر ملز لمیٹڈ

سائٹ نمبر 209، دوسری منزل، پروگریسو پلازہ، بیومانٹ روڈ، کراچی 75530۔

شیئر رجسٹرار ایڈریس:

میسرز جوائس رجسٹرار سروسز (پرائیویٹ) لمیٹڈ

سائٹ نمبر 408-407 چوتھی منزل، الامیر سنٹر، شارع ایراق، صدر، کراچی